کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا جس میں نومنتخب رکن بلوچستان اسمبلی علی حسن زہری رکنیت کا حلف اٹھائیں گے۔ اجلاس میں بلوچستان انسٹی ٹیوشن کا (ترمیمی) مسودہ قانون مسودہ 2024، بلوچستان تنازعات کے متبادل حل کا (ترمیمی) مسودہ قانون مسودہ 2024 اور بلوچستان ٹیکس آن لینڈ ایگریکلچرل انکم کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2024 پیش کیا جائے گا۔ وقفہ سوالات میں محکمہ کھیل اور محکمہ پی ایچ ای سے متعلق سوالات کے جوابات دیئے جائیں گے۔

## زیارت میں قائداعظم ڈے کی تیاریاں جاری

زیارت (ن ن) ڈپٹی کمشنر زیارت ذکاء اللہ درانی نے پچیس دسمبر کو قائداعظم ڈے کو شاندار انداز میں منانے کے تیاریوں کے سلسلے میں مختلف پارکوں، روڈوں، قائداعظم ریذیڈنسی اور بازار کا وزٹ کیا اور [illegible] کو حتمی شکل دی [illegible] ڈپٹی کمشنر زیارت ذکاء اللہ درانی نے کہا کہ 25 دسمبر قائداعظم ڈے کو زیارت میں شاندار انداز میں منائیں گے اس سلسلے میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد قائداعظم ریذیڈنسی میں کیا جائے گا۔


MASHRIQ QUETTA


## کم عمری کی شادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی، ترقی میں رکاوٹ ہے، یو این ایف پی اے

میڈیا کی طاقت کے ذریعے ہم کم عمری کی شادی کے خلاف لاتعداد لڑکیوں کی آوازوں کو بڑھاتے ہیں، نمائندہ یو این ایف پی اے ڈاکٹر لوئے شبانے

شعور کے فقدان کے باعث کم عمری کی شادی میں اضافہ ہو رہا ہے، آئی جی بلوچستان معظم جاہ انصاری، سماجی سطح پر آگاہی کی ضرورت ہے، سیکرٹری صحت مجیب الرحمان

**کم عمری کی شادی بچوں کی پیدائش کے دوران پیچیدگیوں کا سبب بنتی ہے، مقامی ہوٹل میں تقریب سے شرکاء کا خطاب**

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ میں کم عمری کی شادی سے متعلق مختصر دورانیے کی فلم کی تقریب رونمائی مقامی ہوٹل میں اقوام متحدہ پاپولیشن فنڈ بلوچستان (UNFPA) کے زیر اہتمام منعقد کی گئی تقریب میں ملکی نمائندہ یو این ایف پی اے پاکستان ڈاکٹر لوئے شبانے، آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری، سیکرٹری صحت مجیب الرحمان، سیکرٹری پاپولیشن عبداللہ خان، صوبائی سربراہ یو این ایف پی اے ........ بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان سعدیہ عطاء، ٹیکنیکل اسپیشلسٹ یو این ایف پی اے ڈاکٹر مرید سعید خان، یو این ایف پی اے اسلام آباد کے نمائندگان اور مختلف طبقہ فکر سے تعلق رکھنے والے خواتین و مرد حضرات نے شرکت کی ملکی نمائندہ یو این ایف پی اے پاکستان ڈاکٹر لوئے شبانے نے ہر لڑکی کی صحت مند، بااختیار زندگی کے حق کے تحفظ کیلئے اجتماعی کوششوں کی ضرورت پر زور دیا یو این ایف پی اے کی فلم سلنی میں پاکستان میں کم عمری کی شادی کے خاتمے کی فوری ضرورت پر روشنی ڈالی کم عمری کی شادی صرف انسانی حقوق کی خلاف ورزی نہیں ہے بلکہ یہ ترقی کی راہ میں رکاوٹ ہے میڈیا کی طاقت کے ذریعے ہم کم عمری کی شادی کے خلاف لاتعداد لڑکیوں کی آوازوں کو بڑھاتے ہیں اور ایک ایسے مستقبل کی وکالت کرتے ہیں

## گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے جنوری میں پروازیں روانہ ہونگی

**کراچی اور اسلام آباد سے خصوصی پروازیں گوادر ایئرپورٹ پر لینڈ کرینگی**

گوادر (بیورو رپورٹ) چائنہ پاکستان اکنامک کاریڈور (سی پیک) کے اہم ترین پراجیکٹ نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو آپریشنل بنانے کیلئے تیاریاں مکمل کر لی گئیں، یکم جنوری 2025 سے پروازوں کیلئے آپریشنل کیے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع نے بتایا ........ بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

ہے کہ نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پی آئی اے کے طیارے کو روایتی طور پر واٹر سیلوٹ بھی پیش کیا جائے گا، نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر وفاقی وزیر دفاع و ہوابازی خواجہ آصف ممکنہ طور پر پہلی پرواز کا افتتاح کریں گے۔


CamScanner

## اکائیوں کے حقوق تسلیم کرنے تک ملکی حالات بہتر نہیں ہو سکتے، نواب رئیسانی

**لاپتہ افراد کو بازیاب کرنا ہوگا، قائداعظم اور خان قلات کے درمیان ہونیوالے معاہدے پر عمل کیا جائے**

مستونگ (این این آئی) چیف آف سراوان و رکن صوبائی اسمبلی نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے کہا کہ پاکستان کثیر القومی اکائیوں کا مجموعہ ہے جب تک فیڈریشن کے تمام اکائیوں کے حقوق تسلیم نہیں کریں گے اور بلوچستان میں ماورائے آئین لاپتہ افراد کو بازیاب نہیں کریں گے اس وقت تک ملک کے حالات درست نہیں ہو سکتے بد سے بدتر حالات کی طرف جا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سراوان پریس کلب مستونگ کی نو منتخب کابینہ اور ان کے اعزاز میں سراوان ہاؤس کوئٹہ میں چائے پارٹی کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر نوابزادہ میر مجیب رئیسانی میر مولاداد محمد شہی اور سراوان پریس کلب کے صدر فیصل جان درانی جنرل سیکرٹری فیصل بادینی عبدالحکیم بلوچ اللہ بخش شاہوانی سینئر صحافی محافظ بلوچ لیاقت سیماب شبیر احمد مینگل میر حبیب شکرانی ملک عابد منیر احمد شاہوانی حاجی عبدالمالک لہڑی محمد عظیم ڈاکٹر سمیع اللہ نورزئی اور دیگر بھی تھے۔ نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے مجموعی طور پر ملکی بین الاقوامی اور علاقائی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت بلوچستان میں لاپتہ افراد کا ایک سنگین مسئلہ بن چکا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان بننے سے قبل بلوچستان ایک آزاد ریاست رہا ہے اور برطانیہ کا زیر تسلط تھا 1947 میں پاکستان بننے کے بعد ریاست قلات کو خان احمد یار خان نے محمد علی جناح سے ایک معاہدے کے تحت پاکستان میں شامل کیا گیا اور ہم اب بھی چاہتے ہیں کہ اس جو معاہدہ قائداعظم اور خان آف قلات میر احمد یار خان کے درمیان تحریری طور پر ہوا اس کو نہ صرف تسلیم کیا جائے بلکہ اس معاہدے کو آئین میں شامل کرکے اس کا حصہ بنایا جائے۔

---

MASHRIQ QUETTA

## ریاستی اداروں کو مضبوط بنانا جمہوری سیاسی جماعتوں کی ذمہ داری ہے، پشتونخوامیپ

**جو ادارہ اپنے آئینی دائرہ اختیار سے نکل جاتا ہے اس کیخلاف بات کرنا ہر جمہوری، سیاسی شہری کا فرض ہے، عبدالرحیم زیارتوال، ڈاکٹر حامد خان اچکزئی**

**دیگر ممالک صاف و شفاف حکومتیں بنانے کی تگ ودو میں مصروف لیکن ہمارے ہاں ووٹ کی پرچی کا مذاق اڑایا جا رہا ہے، ولیم برکت کی جانب سے کرسمس تقریب، کیک بھی کاٹا گیا**

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے رکن و سابق ایم پی اے ولیم جان برکت نے مسیح کمیونٹی کے مختلف یونٹوں کے سیکرٹریوں اور پارٹی رہنماؤں کو کرسمس کی جاری خوشحالیوں پر اپنے گھر مدعو کیا اور حسب روایات کرسمس کی خوشحالیوں پر کیک کاٹا گیا اس موقع پر ولیم برکت نے مہمانوں کا خیر مقدم کیا پروگرام کا آغاز دعائیہ پڑھنے سے کی گئی۔ پروگرام سے پشتونخوامیپ کے مرکزی ......... بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر

جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری مالیات سید آغا لیاقت علی نے خطاب کیا پروگرام میں صوبائی صدر عبدالقہار ودان، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان نے شرکت کی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ عالم انسانیت کی تمام قوموں، معاشروں اور ریاستوں کی ذمہ داری بن گئی ہے کہ وہ مزید بہتری آسودگی، ترقی کی طرف آگے بڑھنے کی جستجو کے ساتھ کام کریں آج ساری دنیا اپنی ووٹ کی پرچی سے حکومتیں بنانے کے ساتھ آگے بڑھنے کی تگ ودو میں مصروف لیکن ہمارے ملک میں پرچی کا مذاق بنایا گیا ہے اور اس بھونڈے مذاق سے تمام ملک ہمہ جہت بحرانوں میں گر چکا ہے اور حالیہ الیکشن کے نتیجے میں سیاسی عدم استحکام بڑھ گیا ہے جس کے نتیجے میں ملک کے بحران گہرے ہوتے جا رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 5

Dated: 24 DEC 2024 Page No. 13

## کوئٹہ: دو روز قبل ہونیوالے قتل کا معمہ حل، دوست قاتل نکلے

### ایک ملزم لورالائی سے گرفتار، لین دین کے تنازع پر قتل کیا گیا، پولیس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایئر پورٹ روڈ سے ایک روز قبل ملنے والی لاش کا معمہ حل قاتل دوست نکلے سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ نے ایک ملزم کو لورالائی سے گرفتار کر کے کوئٹہ منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق 22 دسمبر کی صبح پولیس تھانہ جمیل شہید پولیس کو ایئر پورٹ روڈ نادرا آفس کے قریب سے پشتون آباد کے رہائشی محمد یعقوب ولد نسیم خان کی لاش ملی تھی جسے نامعلوم افراد نے خنجر کے وار اور فائرنگ کر کے قتل کرنے کے بعد لاش ایئر پورٹ روڈ پر پھینک کر فرار ہو گئے تھے جمیل شہید پولیس نے مقدمہ درج کر کے کیس سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا تھا جس پر ایس ایس پی سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ زوہیب محسن نے ٹیم تشکیل دی جس نے 24 گھنٹے میں جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے ایک ملزم کا سراغ لگایا جو واقعہ کے بعد لورالائی فرار ہو گیا ٹیم نے لورالائی جا کر ملزم ایاز کو گرفتار کر کے کوئٹہ منتقل کر دیا پولیس ذرائع نے بتایا کہ گرفتار ملزم مقتول کا پارٹنر اور دوست ہے لین دین کے تنازع پر قتل کیا گیا مقدمے میں نامزد دوسرے ملزم کی گرفتاری کے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

## کوئٹہ: ہیئر ڈریسر کی دکان پر دستی بم حملہ، گاہک زخمی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ مستونگ روڈ پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کا ہیئر ڈریسر کی دکان پر دستی بم حملہ، گاہک زخمی، مالک معجزانہ طور پر محفوظ رہا جبکہ دکان کے شیشے ٹوٹ گئے۔ پولیس کے مطابق نیو سریاب کے علاقے کوئٹہ مستونگ روڈ پر واقع ہیئر ڈریسر کی دکان پر گزشتہ شب دو نامعلوم موٹر سائیکل سوار دستی بم پھینک کر فرار ہو گئے بم دکان میں گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں ایک گاہک سہیل احمد خان زخمی ہو گیا جبکہ دکان کا مالک معجزانہ طور پر محفوظ رہا اطلاع ملنے پر پولیس، سی ٹی ڈی اور سیکورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لیکر زخمی کو ہسپتال پہنچایا۔ سی ٹی ڈی نے مقدمہ درج کر کے مزید تحقیقات شروع کر دی۔

## آواران: تعمیراتی کمپنی کے ٹرک کے قریب دھماکہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) آواران میں تعمیراتی کمپنی کے ٹرک کے قریب دھماکہ ہوا تاہم کوئی نقصان نہیں ہوا۔ لیویز ذرائع کے مطابق نامعلوم افراد نے آواران کی تحصیل مشکے میں سڑک کنارے ریموٹ کنٹرول بم نصب کیا تھا گزشتہ روز تعمیراتی کمپنی کے ٹرک کے قریب پہنچا تو بم زوردار دھماکے سے پھٹ گیا تاہم کوئی نقصان نہیں ہوا اطلاع ملتے ہی لیویز اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا جبکہ سیکورٹی فورسز نے سرچ آپریشن شروع کر دیا۔

INTEKHAB QUETTA

## نوشکی، مسلح افراد 18 لاکھ روپے لوٹ کر فرار، مقدمہ درج

نوشکی (آن لائن) شہر میں اکیلی مسلح ڈاکوؤں نے ایک شخص سے 18 لاکھ لے کر فرار ہو گئے ... کے بعد چھوڑ دیا مقدمہ درج اتوار اور پیر کی درمیانی شب نامعلوم مسلح افراد نے ... متصل ... ایک شخص سے 18 لاکھ روپے چھین لیے اس دوران ڈاکوؤں نے موجود ... کو یرغمال بنا کر اپنے ساتھ لے گئے بعد ازاں ان کو قریبی علاقہ جمال آباد میں چھوڑ دیا پولیس نے واردات (بقیہ نمبر 5 صفحہ 5 پر)

کی تصدیق کرتے ہوئے صحافیوں کو بتایا کہ مقدمہ درج کر کے ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائی شروع کر دیا۔

## لورالائی پولیس کی کارروائی ایک شخص گرفتار قبضے سے ایک کلو شیشہ (آئس) برآمد

لورالائی (آن لائن) لورالائی پولیس کی کارروائی ایک شخص گرفتار، قبضے سے ایک کلو شیشہ (آئس) برآمد ... پولیس لورالائی ... کے خصوصی ہدایات پر اور ایس ایس پی ... (بقیہ نمبر 5 صفحہ 5 پر)

ہدایات کے احکامات پر عمل کرتے ہوئے، ایس ڈی پی او کلیم اللہ کاکڑ اور ایس ایچ او تھانہ شہید محمد اشرف ترین محمد انور جلالزئی کی سربراہی میں پولیس ٹیم نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ایک شخص انعام الحق ولد محمد اسلم ساکن پنجاب کو گرفتار کر لیا ملزم کے قبضے سے 1 ہزار 10 گرام شیشہ (آئس) برآمد کر لیا ملزم کیخلاف پولیس تھانہ شہید محمد اشرف ترین (سٹی) میں مقدمہ نمبر 024/439 جرم کنٹرول آف نارکوٹکس کا مقدمہ درج کر لیا مزید تفتیش پولیس کر رہی ہے۔

## تربت کے علاقے دیات سے لاپتہ شخص نصیر احمد کی نعش ملی

تربت (بیورو رپورٹ) تربت تحصیل تربت کے علاقہ دیات سے لاش برآمد، اطلاع کے مطابق تربت کے نواحی علاقہ دیات سے مقامی لوگوں نے ایک لاش دیکھی جسے بعد میں نصیر احمد کے نام سے شناخت کیا گیا جو تربت کے علاقے کا رہائشی بتایا جاتا ہے ذرائع کے مطابق وہ کچھ دن پہلے لاپتہ ہوئے تھے جبکہ آج ان کی لاش ملی۔

## تفتان بس ٹرانسپورٹرز الائنس نے احتجاجاً اپنی ٹرانسپورٹ بند کردی

**مطالبات پر عملدرآمد نہ ہوا تو قومی شاہراہوں پر احتجاج کریں گے، رہنماؤں کی پریس کانفرنس**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) آل تفتان رخشان بس ٹرانسپورٹرز الائنس کے چیئرمین محمود خان بادینی، صدر حاجی ملک شاہ جمالدینی اور جنرل سیکرٹری حاجی عبدالمالک محمد حسنی نے کہا ہے کہ آل کوئٹہ تفتان بس کوچز ٹرانسپورٹرز کو کوئٹہ تفتان روٹ پر موجود چیک پوسٹوں پر غیر ضروری کئی کئی گھنٹے روک کر مسافروں اور ٹرانسپورٹرز کے لئے مشکلات پیدا کی جاتی ہیں۔ لہذا ہم نے احتجاجاً اپنی ٹرانسپورٹ بند کی کردی ہے اگر ہمارے مطالبات پر عملدرآمد نہ کیا گیا تو قومی شاہراہوں پر احتجاج کریں گے، یہ بات انہوں نے پیر کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر حاجی اللہ بخش بادینی، مراد بخش شاہوانی، طاہر خان محمد حسنی، حاجی محمد خان سمالانی، حاجی محمد بلال محمد حسنی، میر احمد سمالانی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ کافی عرصہ سے سیکورٹی فورسز نے ہماری 12 کوچز کو تحویل میں لے رکھا ہے جس کے باعث ٹرانسپورٹرز کو سخت مالی نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے، اس روٹ پر رخشان ڈویژن کے مسافر سفر کرتے ہیں اور گھریلو استعمال کیلئے اشیاء خورد ونوش لاتے ہیں گاڑیوں کے تمام دستاویزات موجود ہیں اس کے باوجود کارروائی سمجھ سے بالاتر ہے حکومت خود روزگار اور سہولیات دینے سے قاصر ہے جب لوگ اپنی مدد آپ کے تحت کاروبار کرتے ہیں تو ان کو مختلف طریقوں سے تنگ کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گاڑیاں بلاجواز تحویل میں لینے کے خلاف 23 دسمبر سے احتجاجاً ٹرانسپورٹ نہ چلانے کا فیصلہ کیا گیا یہ احتجاج مطالبات پر عمل درآمد تک جاری رہے گا۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان، کمانڈر 12 کور، آئی جی ایف سی بلوچستان سے اپیل کی کہ رخشان روٹ کے ٹرانسپورٹروں کو جگہ جگہ تنگ کرنے کا سلسلہ اور گاڑیوں کو بلاجواز تحویل میں لینے کا نوٹس کیا جائے۔

---

MASHRIQ QUETTA

## سبزی اور پھل فروشوں نے سرکاری نرخ نامے ہوا میں اڑا دیئے خریدار مہنگائی سے پریشان

**آلو کی سرکاری قیمت 80 روپے فی کلو مقرر ہے مگر مارکیٹ میں 100 روپے وصول کی جارہی ہے، پیاز 120 کی بجائے 135 روپے میں فروخت**

**سیب 210 کی بجائے 250 روپے، امرود 115 کی بجائے 150 روپے اور انگور 310 کی بجائے 350 روپے کلو میں بیچا جارہا ہے**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ میں سبزی اور پھل فروش سرکاری نرخ نامے آویزاں کرنے کے باوجود من مانی قیمتیں وصول کرنے لگے، خریدار سرکاری نرخ ناموں کے......

بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

باوجود عملدرآمد نہ ہونے کے باعث پیدا ہونے والی مہنگائی سے سخت پریشان ہو گئے۔ کوئٹہ میں آلو کی سرکاری قیمت 80 روپے فی کلو مقرر ہے مگر مارکیٹ میں 100 روپے وصول کی جارہی ہے، پیاز 120 کی بجائے 135 روپے، لہسن 560 کی بجائے 580 روپے اور ٹماٹر 170 کی بجائے 200 روپے کلو فروخت ہونے لگا ہے۔ پھلوں کی قیمتوں کی بھی یہی صورتحال ہے، سیب 210 کی بجائے 250 روپے، امرود 115 کی بجائے 150 روپے اور انگور 310 کی بجائے 350 روپے کلو میں بیچا جارہا ہے۔ دوسری جانب مرغی کا گوشت بھی 5 دن کے دوران 403 روپے کلو سے بڑھ کر 468 روپے فی کلو ہو گیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: [illegible]

Bullet No 6

Dated: 24 DEC 2024

Page No. 7

## بلوچستان کے عوام کی فلاح و بہبود کے اقدامات!

پاکستان پیپلز پارٹی نے سابق دور حکومت میں اٹھارویں ترمیم کے ذریعے صوبوں کو خودمختاری دی۔آغاز حقوق بلوچستان پیکج کے تحت پانچ ہزار نوجوان کو گریڈ 14 سے 17 تک کی ملازمت دی گئی۔بلوچستان کے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے اقدامات کے تسلسل کو برقرار رکھا جائے گا۔کوئٹہ میں قلت آب کے مسئلے کا پائیدار حل تلاش کر کے مستقبل کیلئے بہت حکمت عملی مرتب کریں گے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان ہمارے دل کے قریب ہے۔ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز صدر مملکت آصف علی زرداری نے ایوان صدر میں وزیراعلیٰ بلوچستان میرسرفراز بگٹی کی قیادت میں ملنے سے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔

اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میرسرفراز بگٹی نے صدر مملکت کو صوبے میں عوامی فلاح و بہبود کیلئے شروع کئے گئے منصوبوں سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار بے نظیر بھٹو سکالر شپ پروگرام شروع کیا گیا ہے جس کے تحت ہر ضلع سے میٹرک کے 10 پوزیشن ہولڈر طالب علموں کو سکالرشپ دی جارہی ہے جبکہ پی ایچ ڈی کے لیے دنیا بھر کی ممتاز جامعات کے لیے سکالرشپ کی آفر کی جارہی ہے۔صوبے میں امراض قلب کا پہلا جدید ہسپتال قائم کیا جارہا ہے۔صوبے کے بیروزگار تعلیم یافتہ نوجوانوں کو بلاسود قرضے بھی فراہم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔صدر آصف علی زرداری نے صوبائی حکومت کے عوام دوست اقدامات کی تعریف کی۔

ہم سمجھتے ہیں کہ صدر مملکت آصف علی زرداری نے وزیراعلیٰ بلوچستان میرسرفراز بگٹی کی قیادت میں ملنے والے وفد سے بات چیت میں بلوچستان کے بارے میں جن خیالات کا اظہار کیا ہے وہ بلاشبہ قابل تعریف اقدام ہے کیونکہ اس میں کوئی شک نہیں کہ پیپلز پارٹی نے اپنے سابقہ دور حکومت میں اٹھارویں ترمیم اور آغاز حقوق بلوچستان جیسے احسن اقدامات صوبہ اور اس کی عوام کے بہترین مفاد میں کئے ہیں۔اب ان کا بلوچستان ہمارے دل کے قریب ہونے کے حوالے سے مذکورہ بیان اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ وہ اور ان کی پارٹی صوبے کے مفادات میں اقدامات کرنے کے خواہاں ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ وزیراعلیٰ بلوچستان میرسرفراز بگٹی نے صوبے میں عوامی مفادات کے تحت جن اقدامات سے صدر مملکت آصف علی زرداری کو آگاہ کیا ہے وہ بھی قابل تعریف ہے کیونکہ جب سے میرسرفراز بگٹی نے وزارت اعلیٰ کا منصب سنبھالا ہے وہ صوبے اور اس کی عوام کے لیے بہترین مفادات کے لیے کام کررہے ہیں جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ وہ صحیح معنوں میں عوامی نمائندے ہیں۔اور عوام کے مسائل سے نہ صرف آگاہ ہیں بلکہ ان کو حل کرنے کی بھی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔اور وہ اس ضمن میں اپنا کام کررہے ہیں۔

یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ صدر مملکت آصف علی زرداری کو بلوچستان کے حوالے سے دیئے گئے اپنے مذکورہ اقدام کو عملی جامہ پہنانے کے لیے متعلقہ حکام کو واضح ہدایات دینی چاہئیں تاکہ وفاق سے متعلق صوبے کے مسائل فوری طور پر حل ہوسکیں اور یہ پسماندگی سے نکل کر ملک کے دیگر صوبوں کے برابر آسکے۔صدر مملکت کو سابق وزیرحکومت کی طرح مراعات دینی چاہئیں جوکہ نہایت ہی ناگزیر ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 24 DEC 2024 Page No. 21


## بلوچستان میں پیپلز پارٹی کا حکومتی معاملات پر صدر زرداری سے شکوہ، بلوچستان میں مخلوط حکومت ہر بار مسائل کا شکار!

بلوچستان میں پیپلز پارٹی کی مخلوط حکومت ہے جس میں ن لیگ، بلوچستان عوامی پارٹی شامل ہیں۔ بلوچستان میں اتحادی حکومت کے سامنے اندرونی مسائل ہر بار سر اٹھاتے ہیں۔اس وقت پیپلز پارٹی کی اکثریت ہے اور وزیراعلیٰ بلوچستان کا تعلق بھی پیپلز پارٹی سے ہے۔ صوبے میں وزراء کے اختیارات، فنڈز کی تقسیم، ترقیاتی منصوبوں سمیت محکموں میں آفیسران کی تعیناتی اور سرکاری ملازمتوں کے معاملات پر اتحادی جماعتوں کے درمیان اختلافات زیادہ سامنے آتے ہیں۔ اندرونی مسائل کی وجہ سے گورننس پر منفی اثرات پڑتے ہیں، سیاسی اختلافات اور حکومتی مدت پوری نہ ہونے کی وجہ بھی بلوچستان کی ترقی میں رکاوٹ ہے جبکہ مبینہ کرپشن اور اختیارات کے ناجائز استعمال کی وجہ سے بھی انتظامی امور متاثر ہوتے ہیں۔ تازہ صورتحال یہ ہے کہ پیپلز پارٹی کی اپنے ہی حکومت کا شکوہ سامنے آیا ہے۔گزشتہ دنوں ایوان صدر اسلام آباد میں صدر مملکت ا?صف علی زرداری سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سمیت پیپلز پارٹی کی کابینہ و پارلیمانی ارکان نے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان کی سیاسی صورتحال ،انتظامی امور،امن و امان ،ترقی و خوشحالی،وزراء کے اختیارات پر تحفظات، پارلیمانی ارکان میں فنڈز کی منصفانہ تقسیم، بلوچستان کے بے روزگار نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار کی فراہمی ،بعض محکموں میں ملازمتوں کی خرید وفروخت اور بدعنوانی سمیت مجموعی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔صدر مملکت نے پارلیمانی ارکان کے تحفظات کو غور سے سنا اور وزیراعلیٰ کو ہدایت کی کہ جو وزراء ملازمتوں سمیت دیگر معاملات میں بے ضابطگیوں میں ملوث ہیں ان کو نوٹس جاری کیا جائے اور بلوچستان کے پارلیمانی ارکان نے جن مسائل اور تحفظات کی نشاندہی کی ہے انہیں فوری طور پر دور کیا جائے۔ صدر مملکت ا?صف علی زرداری نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل کا حل انکی اولین ترجیح ہے،جس میں کسی صورت کوتاہی نہ برتی جائے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صدر مملکت کو یقین دہانی کرائی کہ وہ انکی ہدایت پر عملدرا?مد کرتے ہوئے مسائل کو حل کریں گے۔ بہرحال بلوچستان میں 2008ء میں پیپلز پارٹی کے دور حکومت میں بلوچستان کی ترقی وخوشحالی پر خصوصی توجہ دی گئی ، اٹھارویں ترمیم کے ذریعے صوبائی خودمختاری،این ایف سی ایوارڈ میں خطیر رقم کی فراہمی ،آغاز حقوق بلوچستان پیکج کے تحت ہزاروں نوجوانوں کو ملازمتوں سمیت دیگر اہم منصوبے دیئے گئے جو کہ تاریخ کا حصہ ہے گو کہ 2008ء میں مرکز میں بھی پیپلز پارٹی کی حکومت تھی اسی لئے بلوچستان کو زیادہ اہمیت دی گئی۔اور اب بھی پیپلز پارٹی ملکی پارلیمان میں مضبوط پوزیشن میں ہے۔بلوچستان میں موجود اندرون خانہ مسائل صوبائی حکومت خاص کر وزیراعلیٰ بلوچستان کو خود حل کرنے ہونگے اگر ملازمتوں کی خرید وفروخت ہورہی ہے،فنڈز سمیت دیگر بے ضابطگیوں جیسے اہم معاملات ہیں تو انہیں سنجیدگی سے لینا چاہئے تاکہ گورننس پر اس کے اثرات نہ پڑیں تاکہ سیاسی کشیدگی جیسی صورتحال پیدا نہ ہو جس سے بلوچستان حکومت مسائل کا شکار ہو۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کے اب تک جو اقدامات ترقیاتی منصوبوں، محکموں کی بہتری، روزگار، تعلیم وصحت کیلئے اٹھائے گئے ہیں وہ قابل ستائش ہیں مگر جہاں نقص موجود ہے انہیں دور کرنے کیلئے وزیراعلیٰ اپنے پارٹی ارکان اور اتحادیوں کے ساتھ ملکر معاملات کو خوش اسلوبی سے حل کریں جو بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے ضروری ہے۔ امید ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان مسائل حل کرنے کیلئے سب کو [illegible] لیکر [illegible] کے ساتھ بلوچستان کی خوشحالی وترقی کو مد [illegible] رکھ کر اقدامات اٹھائینگے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 24 DEC 2024 Page No. 19


## منشیات کا عفریت تباہی پھیلا رہا ہے

منشیات کا عفریت پچھلے کئی عشروں سے ملک بھر میں بڑی تباہ کاریاں مچا رہا ہے۔اس کی زد میں آکر ہمارے ہزاروں نوجوان اور نوعمر زندگی کی بازی ہار چکے جبکہ کئی اعلیٰ دماغ مفلوج ہو کر دنیا و مافیہا کی فکر سے یکسر آزاد ہو چکے ہیں،انہیں فٹ پاتھوں، چوراہوں، بازاروں، مزاروں میں نشے کی دنیا میں مست بخوبی دیکھا جاسکتا ہے۔ کئی گھرانوں کے چراغ اس منشیات نے گل کیے، یہ گھرانے اپنے پیاروں کے بچھڑنے پر زندگی بھر کے روگ کا شکار ہوئے۔اب بھی منشیات کی روک تھام نہیں ہو سکی ہے بلکہ یہ پہلے سے کہیں زیادہ تیزی سے نوجوانوں کی زندگیوں کو برباد کررہی ہے۔ ہمارے نوجوانوں کی بڑی تعداد تیزی سے منشیات کی لت کا شکار ہورہی ہے۔ خواتین بھی خاصی زیادہ تعداد میں اس لت کا شکار ہو چکی ہیں۔منشیات کے عفریت کو اگر قابو نہ کیا گیا تو یہ ملک وقوم کے لیے بڑی تباہی کا باعث ثابت ہوگا۔ منشیات کی روک تھام کے لیے ملک بھر میں کارروائیاں جاری رہتی ہیں،ایک اور وبا بصورت ویپ پھیل رہی ہے جو مائع نکوٹین ہوتا ہے،جس کا کثرت سے استعمال صحت کے لئے انتہائی مضر ہے اور یہ براہ راست پھیپھڑوں کو متاثر کرتا ہے،اس کا استعمال بھی نوجوانوں میں بہت بڑھ گیا ہے،والدین بھی اسے منشیات نہیں سمجھ رہے۔

مختلف کارروائیوں میں گزشتہ روز درجنوں من منشیات برآمد کی گئی ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق اینٹی نارکوٹکس فورس نے بلوچستان کے مختلف مقامات پر کارروائی کے دوران 37 من سے زائد (1480 کلوگرام) افیون، چرس، آئس، بھنگ کے بیج، پوست اور ہیروئن تحویل میں لے لی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق منشیات اسمگلنگ کیخلاف ملک کے مختلف شہروں میں کریک ڈاؤن کے تسلسل میں کارروائیاں جاری ہیں،بلوچستان کے مختلف علاقوں سمیت ملک کے مختلف شہروں میں 42 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی 1565.218 کلوگرام منشیات قبضے میں لی گئی۔بلوچستان میں بھرابچہ سے 367 کلو افیون، 55 کلو چرس، 19.5 کلو آئس، 79 کلو بھنگ کے بیج، 58 کلو پوست کے بیج اور 554.232 کلو مشتبہ مواد برآمد کیا جبکہ اختر آباد ہزار گنجی کوئٹہ سے 180 کلوگرام ہیروئن اور کوئٹہ میں جبل نور سے 169 کلوگرام چرس برآمد کی گئی،جس کے دوران 2 ملزمان کی گرفتاری بھی عمل میں آئی۔ سیٹلائٹ ٹاؤن کیچ (بلوچستان) میں ہوٹل کے قریب 6 کلو آئس برآمد کی گئی، ملک کے دیگر شہروں مری نگر بائی وے اسلام آباد پر تبلیغی مرکز کے قریب 24 کلوگرام افیون اور 48 کلوگرام چرس جبکہ اقبال شہید ٹول پلازہ واٹک کے قریب ملزم کے قبضے سے 2 کلوگرام چرس اور شیر شاہ ٹول پلازہ ملتان کے قریب کار میں چھپائی گئی 1.1 کلوگرام ویڈ اور 1.3 کلوگرام آئس برآمد کی گئی۔

اس منشیات نے ملک وقوم کا بہت نقصان کیا ہے،اب منشیات کے عفریت کو بوتل میں بند کرنے کے لیے سخت کریک ڈاؤن ناگزیر ہے۔ ہماری نوجوان نسل کے ان دشمنوں کو کسی طور بخشا نہ جائے۔ ان کے خلاف تسلسل کے ساتھ کارروائیاں عمل میں لائی جائیں، جب تک ان کا مکمل قلع قمع نہیں ہو جاتا اور ملک منشیات کے زہر سے مکمل پاک نہیں ہو جاتا۔ یقیناً درست سمت میں اٹھائے گئے قدم مثبت نتائج کے حامل ثابت ہوں گے۔ اس حوالے سے اداروں میں موجود کالی بھیڑوں کی بھی شناخت ضروری ہے، یہی وہ ملک دشمن عناصر ہیں جو منشیات کے کاروبار میں ملوث مجرموں کو سہولیات فراہم کر کے ملک وقوم کی تباہی کا سبب بنتے ہیں۔ لہٰذا منشیات کی روک تھام میں ملوث اہلکاروں، پولیس اور رینجرز میں موجود کالی بھیڑوں کے خلاف بھی بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کی ضرورت ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6 Dated: 24 DEC 2024 Page No. 22

# Path to Peace

In a poignant reflection on the urgent issues facing Balochistan, Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti has voiced a perspective that resonates deeply with the aspirations of many in the region: "War is not the solution to any problem." His statements illuminate the harsh reality that violence is an ineffective remedy for the multifaceted challenges confronting Balochistan. From socio-economic disparities to educational deficits, the ongoing turmoil has only further marginalized a province rich in culture and resources, yet steeped in crises. Balochistan stands at a crossroads, grappling with the evident question of whether it can afford the devastating consequences of a futile war. As Bugti articulates, the province's issues are deeply ingrained in its socio-political fabric. The Balochistan question encapsulates a range of grievances, including claims of political disenfranchisement, economic neglect, and social injustices. It is this complex tapestry of concerns that merits nuanced discussions rather than the hammer of warfare. The incessant cycle of violence detracts from addressing the roots of Balochistan's myriad problems.

The lingering question remains: What do the people of Balochistan stand to gain from further conflict? Destruction of infrastructure, loss of lives, and the perpetuation of poverty hardly qualify as viable outcomes. Instead, a shift towards dialogue, discussion, and intellectual engagement emerges as the most promising avenue for healing and progress. The current global landscape is evolving rapidly with advancements in artificial intelligence. Countries are racing toward a future dominated by innovation and technology. In stark contrast, Balochistan must confront its own existential challenges that push its youth toward despair Bugti's focus on nurturing human capital through skill development and education is not just commendable; it is a critical necessity. His acknowledgment that 30,000 youth are being sent abroad to acquire skills underscores a proactive approach to combating poverty and unemployment. This is a step in the right direction, but it cannot stand alone. The commitment to educate the top ten students from government schools across Balochistan and to offer scholarships to study at the world's leading universities showcases a long-term vision. Education is an invaluable tool for empowerment, one that can reshape the destiny of a province. Vision must be complemented with an unyielding focus on dialogue and collaboration between various stakeholders from the government to local communities, and from civil society to international partners.

Only through open and inclusive dialogue can the underlying issues be adequately addressed and understood. It is imperative that society as a whole mobilizes for a collective future free of violence. Community leaders, intellectuals, and civil activists must rally together to create a platform that encourages discourse on Balochistan's future. This includes exploring pathways for autonomy, resource management, and equitable development. When solutions are derived through conversation rather than coercion, the resultant policies and agreements are far more likely to earn the support and trust of the people. As Balochistan continues to battle the specter of violence, it is vital to ask the question: When will this cycle of destruction cease? The conversations surrounding Balochistan's fate must echo the sentiment expressed by its Chief Minister. Real progress will come not from arms and aggression, but from understanding and mutual respect. The youth of Balochistan arguably the province's greatest asset-deserve better than a future overshadowed by conflict. Instead, let us chart a course guided by intellectual debate, equitable socio-economic development, and a commitment to peace. Balochistan can indeed emerge from its challenges, but only if dialogue replaces discord as the principal means of engagement. The responsibility lies not just with the government; it is one that the entire society must embrace.

CamScanner